وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ ع ۲۲

اور جو فرماں بردار رہے تم میں سے اللہ اور اس کے رسول کا، اور کرے کرنے کے کام، تو دیں گے ہم

اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ

اس کا ثواب دونا۔ اور تیار کر لیا ہے ہم نے انکے لئے عزت والی روزی ● اے آنحضرت کی بیبیو!

لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ

تم نہیں ہو اور کسی عورتوں کی طرح، اگر خدا سے ڈرتی رہو، تو مت لوچ پیدا کرو بات کرنے میں

فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ

کہ للچائے وہ جس کے دل میں بیماری ہے، اور بولتی رہو اچھی بولی ● اور ٹھہری

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ

رہا کرو اپنے گھروں میں اور نہ بن سنور کر پھرو اگلی جاہلیت کی طرح، اور پابند رہو

الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ

نماز کی، اور دیتی رہو زکوٰۃ کو، اور کہا مانتی رہو اللہ اور اس کے رسول کا، یہی چاہتا ہے

اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ

اللہ کہ دور کر دے تم سے ہر ناپاکی کو۔ اے نبی کے گھر انو! اور پاک کر دے تمہیں

تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَ

خوب ● اور یاد کرتی رہو جو تلاوت کی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتیں، اور

الْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ ع اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ ۴ ع ۱

حکمت۔ بیشک اللہ لطیف باخبر ہے ● بلاشبہ مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں،

وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ

اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں، اور عبادت گزار مرد اور عبادت گزار عورتیں، اور سچے مرد

وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ

اور سچی عورتیں، اور فرماں بردار مرد اور فرماں بردار عورتیں، اور خشوع والے مرد اور خشوع والی عورتیں،

وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَ

اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں، اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں، اور

الْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّ

اپنی شرم گاہوں کی نگہبانی کرنیوالے مرد اور نگہبانی کرنے والی عورتیں، اور اللہ کو بہت یاد کرنیوالے مرد اور یاد کرنے

الذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ

والی عورتیں، تیار کرلیا ہے اللہ نے انکے لئے مغفرت، اور بڑے ثواب کو● اور نہیں ہے

لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ

کسی مومن نہ مومنہ کو حق، جب کہ حکم دے دیا اللہ اور اسکے رسول نے کسی امر کا، کہ رہ جائے انہیں کچھ

لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ

بھی اختیار اپنے معاملہ کا۔ اور جو نافرمانی کرے اللہ اور اسکے رسول کی، تو بیشک بہک

ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ

گیا علانیہ● اور جب کہا کرتے تم اسے جس پر انعام فرمایا اللہ نے، اور انعام کیا تم نے،

عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ

کہ روکے رکھو اپنے ذمہ اپنی بیوی کو، اور ڈرا کرو اللہ کو، اور چھپاتے رہے تم اپنے دل میں

مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا

جسکو اللہ ظاہر کردینے والا ہے، اور تم خیال کرتے تھے لوگوں کا، اور اللہ کا زیادہ حق ہے کہ اسی کو ڈرتے رہو۔ پھر جب

قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

پوری کرلی زید نے اپنی غرض اس سے، تو نکاح کر ہی دیا ہم نے تمہارا اس سے، تاکہ نہ رہ جائے مسلمانوں پر

حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ

کوئی حرج اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیبیوں میں اس وقت بھی، کہ پوری کرلی ان سے غرض، اور اللہ کا حکم

اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ

ہو کر رہا● نہیں ہے نبی پر کوئی حرج، اس میں جسے فریضہ بنایا اللہ نے انکے لئے۔

لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا

اللہ کا دستور رہا ان میں جو گزرے پہلے۔ اور اللہ کا حکم تقدیر کا

مَّقْدُوْرَا ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا

لکھا ہے● جو پہنچاتے رہے اللہ کے پیغاموں کو، اور ڈرتے رہے اسے، اور نہ

يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ

ڈرے کسی کو اللہ کے سوا۔ اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا● "نہیں ہیں محمد

اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَ

کسی کے بھی باپ تم مردوں سے، لیکن اللہ کے رسول، اور سارے نبیوں میں پچھلے زمانہ والے" اور

كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا ع ۵

اللہ ہر ایک کو جانتا رہا● اے ایمان والو! یاد کرو

اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ

اللہ کی، بہت یاد● اور پاکی بولو اس کی صبح و شام● وہی ہے جو درود بھیجے

عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ

تم پر، اور اس کے فرشتے، تاکہ نکال رکھے تمہیں اندھیریوں سے روشنی کی طرف۔ اور وہ

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ لَهُمْ

مسلمانوں کیلئے رحمت والا رہا● ان کی دعائے ملاقات ہے، جب ملیں گے اس کو، کہ "سلام" اور تیار کر رکھا ہے

اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّ

انکے لئے باعزت ثواب● اے آنحضرت! بیشک بھیجا ہم نے تم کو ہر جگہ کا چشم دید گواہ، اور خوش خبری دینے والے،

نَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور ڈر سنانیوالے● اور بلانیوالے اللہ کی طرف اس کے حکم سے، اور روشن کرنے والا سورج● اور خوش خبری دو ایمان

بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ

والوں کو، کہ بلاشبہ انکے لئے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے● اور نہ کہا مانو کافروں اور منافقوں کا،

وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا

اور ان کے ایذا دینے پر خود درگزر کردو، اور بھروسہ رکھو اللہ پر۔ اور اللہ کافی کارساز ہے● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

ایمان والو! جب نکاح کرلیا تم نے ایمان والی عورتوں سے، پھر طلاق دیدی انہیں، قبل اسکے کہ

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ

انہیں ہاتھ لگاؤ، تو نہیں ہے تمہارے لئے ان پر کچھ عدت، کہ تم اسے شمار کرو۔ تو انہیں کچھ پونجی دیدو

وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ

اور چھوڑ دو خوبی سے ● اے آنحضرت! بیشک حلال کر دیا ہم نے تمہارے لئے تمہاری بیبیاں،

الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

جن کا مہر تم دے ہی چکے، اور جن پر مالکانہ قبضہ کر لیا تمہارے ہاتھوں نے، جنہیں مال غنیمت میں دیا تمہیں اللہ نے،

وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ

اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور تمہاری پھوپھی کی بیٹیاں، اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں اور تمہاری خالہ کی بیٹیاں،

الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ

جنہوں نے ہجرت کی تمہارے ساتھ۔ اور ایمان والی عورت، اگر وہ دے ڈالے اپنے کو آنحضرت کیلئے۔

اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

اگر چاہا آنحضرت نے بھی، کہ نکاح کر لیں اس سے۔ صرف تمہارے لئے ہے سارے مسلمانوں سے الگ۔

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

بیشک ہم نے جان لیا جو مقرر کر دیا ہے ان پر ان کی بیبیوں کے بارے میں، اور انکی لونڈیوں کے بارے میں،

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾ تُرْجِيْ

تاکہ نہ رہ جائے تم پر کوئی تنگی۔ اور اللہ غفور رحیم ہے● ہٹائے رکھو

مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ

جس کو چاہو ان میں سے، اور ٹھکانہ دو اپنے پاس جسے چاہو۔ اور جس کی تم نے خواہش کی ان

عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا

میں سے جنہیں معزول کر دیا تھا، تو تم پر کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ زیادہ قریب ہے کہ ٹھنڈی ہوں انکی آنکھیں، اور نہ

يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ

رنج کریں اور خوش رہیں، جو کچھ دے دیا تم نے، سب کی سب۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم

قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ

لوگوں کے دلوں میں ہے۔ اور اللہ علم والا حلم والا ہے● نہیں حلال ہیں تمہیں عورتیں ان کے

بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ

بعد، اور نہ یہ کہ ان کی جگہ پر لاؤ دوسری بیبیاں، گو اچھی لگے تمہیں ان کی خوبصورتی،

إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا ﴿٥٢﴾ ع ۶ ۱۲ ۳

مگر تمہارے ہاتھ کی مقبوضہ۔ اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے●

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ

اے ایمان والو! مت اندر جاؤ آنحضرت کے گھروں میں، مگر یہ کہ اجازت دی

لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا

جائے تمہیں کھانے کی۔ نہ پہلے سے انتظار کرتے ہوئے پکنے کا، لیکن جب تم پکارے جاؤ تو اندر جاؤ،

فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ

پھر جب کھا چکے تو نکل پھیلو، اور بغیر دل بہلاتے ہوئے باتوں میں۔ بلاشبہ تمہارا یہ

كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ۚ

طریقہ تکلیف دیتا تھا آنحضرت کو، تو وہ لحاظ کرتے تم لوگوں سے، اور اللہ نہیں شرماتا ٹھیک بات بتانے سے۔

وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ

اور جب مانگا بھی تم نے ان سے کوئی سامان، تو مانگو ان سے پردہ کے باہر سے۔ یہ زیادہ

أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ

پاکیزہ ہے تمہارے دلوں کیلئے، اور ان کے دلوں کیلئے۔ اور تمہیں جائز نہیں کہ تکلیف دو اللہ کے رسول کو،

اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ

اور نہ یہ کہ نکاح کرلو ان کی بیبیوں سے ان کے بعد کبھی۔ بیشک یہ اللہ کے

عِندَ اللَّهِ عَظِيمًا ﴿٥٣﴾ إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ

نزدیک بڑی بھاری بات ہے● اگر ظاہر کرو کچھ یا چھپاؤ اسے، تو بیشک اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٥٤﴾ لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ

ہر ایک چیز کا جاننے والا ہے● نہیں حرج ہے ان پر، ان کے باپ، اور بیٹوں

وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا

اور بھائیوں، اور بھتیجوں، اور بھانجوں، اور

نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ

اپنی عورتوں، اور ہاتھ کی ملکیت لونڈیوں میں۔ اور ڈرتی رہو اللہ کو۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝٥٥ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ

ہر چیز پر نگراں ہے● بیشک اللہ اور اس کے سارے فرشتے درود بھیجتے رہتے

عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝٥٦

ہیں آنحضرت پر۔ اے ایمان والو! تم بھی درود بھیجو ان پر، اور خوب سلام عرض کرو●

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ

بلاشبہ جو دکھ دیں اللہ اور اس کے رسول کو، پھٹکار دیا انہیں اللہ نے دنیا و آخرت

الْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝٥٧ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

میں، اور تیار کر لیا ہے انکے لئے رسوا کرنے والا عذاب● اور جو دکھ دیں ایمان والوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝٥٨ ع ۴ ۴

اور ایمان والیوں کو، بغیر کچھ کئے، تو بیشک انہوں نے بار لیا بہتان کا، اور کھلے گناہ کا●

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَاۗءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

اے آنحضرت! کہہ دو اپنی بیبیوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں کو، کہ ڈال رکھا کریں

عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ

اپنے چہروں پر اپنی چادریں، یہ زیادہ قریب ہے کہ پہچان لی جائیں، تو ستائی نہ جائیں۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝٥٩ لَىِٕنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

اور اللہ غفور رحیم ہے● یقیناً اگر باز نہ آئے منافق لوگ، اور جن کے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ

دلوں میں بیماری ہے، اور جھوٹی گپ اڑانے والے مدینہ میں، تو ہم ضرور مسلط کر دینگے تمہیں ان

ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝٦٠ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا ۳ ۱۲

پر، پھر نہ پڑوسی رہ جائینگے تمہارے اس میں، مگر کچھ دن● سب کے سب لعنتی ۔۔ اب جہاں ملے

اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۝٦١ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ

دھر لئے گئے اور کاٹ کر رکھ دیئے گئے● اللہ کا دستور رہا ان میں بھی جو گزر چکے

قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝٦٢ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ

پہلے، اور نہ پاؤ گے اللہ کے دستور میں ادل بدل● پوچھتے ہیں لوگ تم سے قیامت

السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ

کے بارے میں، کہہ دو کہ اس کا علم اللہ ہی کے پاس ہے، اور کیا اٹکل ہے تمہیں، ممکن ہے کہ قیامت

تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾

نزدیک ہی ہو● بیشک اللہ نے پھٹکار دیا کافروں کو، اور تیار کر رکھا ہے انکے لئے دہکتی آگ●

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۶۵﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ

رہنے والے اس میں ہمیشہ ہمیشہ۔ نہ پائیں گے یار نہ مددگار● جس دن

وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا

الٹے پلٹے جائینگے ان کے چہرے جہنم میں، کہیں گے "اے کاش ہم نے کہا مانا ہوتا اللہ کا، اور کہا مانا ہوتا

الرَّسُوْلَا ﴿۶۶﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا

رسول کا"● اور بول پڑے "کہ پروردگار ہم نے کہا مانا تھا اپنے سرداروں اور بڑے لوگوں کا، تو انہوں نے بھلا

السَّبِيْلَا ﴿۶۷﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا

دیا ہمیں راستہ● پروردگار دے انہیں دونا عذاب، اور مار ان پر بڑی

كَبِيْرًا ﴿۶۸﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى ع ۸

پھٹکار"● اے ایمان والو! نہ ہو جاؤ ان کی طرح جنہوں نے ستایا موسیٰ کو، تو بری

فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ؕ ﴿۶۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

فرما دیا انہیں اللہ نے اس سے جو وہ کہتے تھے۔ اور وہ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے● اے ایمان

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ

والو! ڈرو اللہ کو، اور بولا کرو درست بولی● کہ درست کر دے اللہ تمہارے اعمال کو،

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

اور بخش دے تمہارے گناہ۔ اور جو کہا مانے اللہ اور اس کے رسول کا، تو بیشک کامیاب ہوا بڑی

عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ

کامیابی● بیشک پیش فرمایا ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر،

فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ

تو انکار کر دیا سب نے کہ یہ بار لیں، اور ڈر گئے اس سے۔ اور اٹھا لیا اس کو انسان نے۔ بیشک وہ

كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ

جفاکش نادان ہے● تاکہ عذاب دے اللہ منافق مردوں اور نفاق والی عورتوں کو،

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ

اور مشرک مردوں اور شرک والی عورتوں کو، اور توبہ قبول کرے اللہ، مومن مرد اور

الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع ۹

مومنہ عورتوں کی۔ اور اللہ غفور رحیم ہے●

سُوْرَةُ سَبَا ۳۴ مَكِّيَّةٌ ۵۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۴ | رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ سبا مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۵۴ رکوع ۶

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ

ساری خوبیاں اللہ کیلئے، وہ جس کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اسی کی

الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱﴾ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

حمد ہے آخرت میں۔ اور وہی حکمت والا باخبر ہے● جانتا ہے جو کچھ داخل ہو

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ

زمین میں، اور جو نکل پڑے اس سے، اور جو کچھ اترے آسمان سے، اور جو کچھ چڑھے

فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ﴿۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا

اس میں، اور وہی رحیم غفور ہے● اور بولے جنہوں نے کفر کیا ہے، کہ نہ آئے گی

السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ

ہم پر قیامت۔ کہہ دو، کہ "نہیں کیا میرے عالم الغیب رب کی قسم، ضرور آئے گی تمہارے پاس"۔ نہیں غائب

عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَاۤ اَصْغَرُ

ہے اس سے ذرہ برابر، آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہ اس سے چھوٹی

مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳﴾ ۙ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ

چیز، اور نہ بڑی، مگر صاف بیان کرنے والی کتاب میں ہے● تاکہ ثواب دے انہیں جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۴﴾

ایمان لائے اور نیکیاں کیں۔ انہیں کیلئے مغفرت، اور باعزت روزی ہے●

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ

اور جنہوں نے کوشش کی ہماری آیتوں میں ہرانے کیلئے، انہیں کیلئے دردناک سختی

رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۵ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

کا عذاب ہے● اور دیکھ رہے ہیں جن کو علم دیا گیا ہے، کہ جو اتارا گیا ہے تمہاری طرف

مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۶

تمہارے رب کی طرف سے، وہ حق ہے۔ اور بتاتا ہے عزت والے حمد والے کی راہ●

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا

اور بولے "جنہوں نے کفر کیا ہے، کہ کیا ہم بتادیں تمہیں، ایسا شخص جو خبر دیتا ہے تمہیں، کہ جب

مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۷ اَفْتَرٰى عَلَى

ریزہ ریزہ کردیئے جاؤ گے تم بالکل، تو تم نئے جنم میں ہوگے● کیا گڑھ لیا ہے

اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي

اللہ پر جھوٹ، یا اسے جنون ہے" بلکہ جو نہیں مانتے آخرت کو، وہی

الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝۸ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

عذاب میں، اور دور کی گمراہی میں ہیں● تو کیا نہیں نظر کی؟ اس کی طرف جو ان کے آگے

وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ

اور پیچھے آسمان و زمین ہے۔ اگر ہم چاہیں تو دھنسادیں انہیں

الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

زمین میں، یا گرادیں ان پر ایک ٹکڑا آسمان سے۔ بیشک اس میں ضرور

لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۹ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ ۱۱ ع ۹

نشانی ہے، ہر توجہ کرنے والے بندہ کیلئے● اور بیشک دے رکھا تھا ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے فضل۔

يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝۱۰ اَنِ اعْمَلْ

کہ اے پہاڑو اللہ کی تسبیح کرو داؤد کے ساتھ، اور پرندوں کو بھی۔ اور نرم کردیا ہم نے انکے لئے لوہے کو● کہ بناؤ

سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

کشادہ زرہیں، اور یکسانیت رکھو کڑیوں کے جوڑنے میں، اور کرتے رہو نیکی۔ بیشک میں، جو کچھ کرو

بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَ

نگراں ہوں● اور سلیمان کیلئے ہوا کو، اس کی صبح کی منزل ایک مہینہ اور شام کی منزل ایک مہینہ۔ اور

اَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

بہادیا ہم نے انکے لئے پگھلے تانبے کا چشمہ۔ اور کچھ جن تھے، جو کام کرتے ان کے سامنے،

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ

ان کے رب کے حکم سے۔ اور جو کج روی کرے ان میں سے ہمارے حکم سے، تو چکھائینگے ہم اسے

السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَ

دہکتی آگ کا عذاب● بنایا کرتے انکے لئے جو وہ چاہتے محرابی گھر، اور تصویریں، اور

جِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَ

لگن جیسے بڑے حوض اور جمی دھری رہنے والی دیگیں، کہ کرتے رہو اے داؤد والو شکر۔ اور

قَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا

تھوڑے ہیں، میرے بندوں سے شکرگزار● پھر جب حکم بھیجا ہم نے ان پر موت کا، تو نہ

دَلَّهُمْ عَلٰي مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ

پتہ دیا اُن جنوں کو اُن کی موت کا، مگر دیمک نے، کہ کھاتی رہی ان کا عصا۔ چنانچہ جب وہ گر

تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ

پڑے، تو کھل گئے جن۔ کہ اگر جانتے غیب کو، تو نہ پڑے رہتے ذلت والے

الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ ۭ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ

عذاب میں● بلاشبہ قبیلہ سبا کیلئے ان کی بستیوں میں نشانی ہے۔ دو باغ داہنے

وَّشِمَالٍ ۭ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّ

بائیں۔۔۔ کہ کھاؤ اپنے رب کی روزی، اور شکر ادا کرو اس کا، پاکیزہ شہر اور پالنے

رَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ

والا بڑا مغفرت والا● تو انہوں نے روگردانی کی، تو ہم نے کھول دیا ان پر زور کے سیلاب کا بند، اور بدل دیا ہم

بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ

نے انہیں، ان کے دو باغوں کے عوض دو دوسرے باغ، بدمزہ پھل والے، اور جھاؤ، اور کچھ

سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا

تھوڑی سی بیریاں● یہ سزا دی ہم نے انہیں جو انہوں نے کفر کیا۔ اور ہم نہیں سزا دیتے، مگر

الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا

ناشکرے کو● اور کر دیا ہم نے انکے درمیان، اور ان آبادیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت دے رکھی ہے

قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا

کھلی راہ پر، اور اندازے پر رکھا ہم نے ان میں سفر کو، کہ چلو پھرو ان میں رات دن

اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

امن وامان سے● پھر انہوں نے دعا کی کہ پروردگار ادور کر دے ہماری منزلوں کو، اور برا کیا خود اپنا،

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

تو بنا دیا ہم نے انہیں کہانیاں، اور تتر بتر کر دیا انہیں بالکل۔ بیشک اس میں ضرور

لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ

نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کیلئے● اور واقعی سچا کر دکھایا ان پر ابلیس نے

ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ

اپنا گمان، چنانچہ انہوں نے پیروی کی اس کی، مگر ایک گروہ مسلمانوں کا● اور نہ تھا اسے

عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ

ان پر کوئی قابو، مگر تا کہ ہم چھانٹ بتائیں جو مانتا ہے آخرت کو اس سے، جو

هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ ع قُلِ ۲/۱۲/۸

اس کی طرف سے شک میں ہے۔ اور تمہارا رب ہر ایک کا نگراں ہے● کہہ دو کہ

ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ

دہائی دے کر دیکھ لو ان کی جن کو تم لوگوں نے خیال کر لیا ہے اللہ کے خلاف، کہ نہیں مالک ہیں وہ ذرہ بھر کے،

ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ

آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہیں ہے ان کا دونوں جگہ میں کوئی حصہ،

وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

اور نہیں ہے اللہ کا ان سے کوئی پشت پناہ● اور نہ کام آئے گی سفارش اس کے یہاں، مگر جسے

لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ

اجازت دی۔ یہاں تک کہ جب دور کر دی گئی گھبراہٹ انکے دلوں سے، تو باہم بولے، کہ "اخاہ، کیا فرمایا

رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ

تمہارے رب نے؟ بولے، کہ "حق فرمایا" اور وہی بلند بڑا ہے● پوچھو کہ کون روزی دیتا ہے تمہیں

مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى

آسمانوں اور زمین سے۔ جواب بتادو کہ اللہ، اور بلاشبہ ہم یا تمہیں ہدایت پر ہیں

اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّاۤ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ

یا کھلی گمراہی میں● کہہ دو کہ تم نہ پوچھے جاؤ گے جو ہم نے جرم کیا، اور نہ ہم پوچھے جائینگے

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ

جو تم لوگ کرتے ہو● کہہ دو کہ اکٹھا فرمائے گا ہم سب کو ہمارا رب، پھر فیصلہ کرے گا ہمارے درمیان بالکل حق۔

وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ

اور وہی فیصلہ فرمانیوالا علم والا ہے● کہو کہ مجھے تو دکھادو سکت ان شریکوں کی، جن کو ملا رکھا ہے تم نے اللہ سے، ہرگز

كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً

نہیں۔ بلکہ وہ اللہ ہی غلبہ والا حکمت والا ہے● اور نہیں رسول کیا ہم نے تم کو مگر سارے

لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَ

انسانوں کا، خوش خبری سنانے والے اور ڈرانے والے، لیکن بہتیرے لوگ نہیں جانتے● اور

يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ

پوچھتے ہیں کہ کب ہوگا یہ وعدہ، اگر سچے ہو● جواب دے دو کہ

مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

تمہارے لئے ایک ایسے مقرر دن کی میعاد ہے، کہ نہ پیچھے ہٹ سکو جس سے گھڑی بھر، اور نہ آگے بڑھ سکو●

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ

اور بولے جنہوں نے کفر کیا تھا، کہ نہ مانیں گے ہم یہ قرآن، اور نہ جو

بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ

اس کے آگے تھیں۔ اور کہیں دیکھو، جب ظالم کھڑے کئے جائیں گے اپنے رب کے یہاں۔

ع ۴ ۱۵ ۱۰ النصف

يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨالْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

ڈالیں گے ایک دوسرے پر بات۔ کہیں گے کمزور چھوٹے

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ الَّذِيْنَ

لوگ، انہیں جو بڑے بنے تھے، کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ہوتے ایمان والے● کہنے لگے جو

اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى

بڑے بنے تھے انہیں جو کمزور چھوٹے تھے، کہ "کیا ہم نے روکا تھا تمہیں ہدایت سے؟

بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

بعد اس کے کہ آ چکی تھی تمہارے پاس، بلکہ تم خود مجرم تھے"● اور بول پڑے جو دبے تھے

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ

انہیں جو بڑے بنے تھے، کہ "بلکہ رات دن کی چالبازی تھی، جبکہ تم لوگ حکم دیتے تھے ہمیں، کہ

نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا

ہم نہ مانیں اللہ کو، اور بنائیں اس کے مدمقابل"۔ اور دل میں شرمائے، جب دیکھ لیا

الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ

عذاب کو۔ اور ہم نے ڈال دیئے طوق ان کی گردنوں میں، جنہوں نے انکار کیا تھا۔ نہیں

يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ

بھگتیں گے مگر جیسی کرنی کرتے تھے● اور نہیں بھیجا ہم نے کسی آبادی میں کوئی ڈر سنانے والا،

اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ

مگر یہ، کہ "کہنے لگے اسکے پیٹ بھرے، کہ ہم جس امر کے ساتھ تم لوگ بھیجے گئے ہو منکر ہیں"● اور کہنے لگے، کہ "ہم

اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۳۵﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ

بڑھے چڑھے ہیں مال و اولاد میں۔ اور ہم عذاب نہ دیئے جائیں گے"● جواب دے دو، کہ "بیشک

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

میرا رب کشادہ فرماتا ہے روزی کو جسکے لئے چاہے، اور تنگی بھی ڈالتا ہے"، لیکن بہتیرے لوگ نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا ع ۴۴ ۱۰

جانتے● اور نہیں ہیں تمہارے مال نہ اولاد، جو نزدیک پہنچا سکیں تمہیں ہمارے یہاں کچھ،

زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ

مگر جو ایمان لایا، اور لیاقت کے کام کئے، ان کے لئے دوگنا ثواب ہے، جو

بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِى الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِىْٓ

انہوں نے عمل کئے، اور وہ بالاخانوں میں ہیں امن وامان سے● اور جو کوشش کریں ہماری

اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِى الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ اِنَّ

آیتوں میں ہرانے کیلئے، وہ عذاب میں دھر لئے جائیں گے● کہہ دو کہ بیشک

رَبِّىْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ

میرا رب کشادہ فرمائے روزی، جسکے لئے چاہے اپنے بندوں سے، اور تنگی ڈالے جسکے لئے چاہے۔ اور جو کچھ

اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَىْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَيَوْمَ

خیرات کیا تم نے، تو وہ اور دیگا تمہیں۔ اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے● اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا

کہ اٹھائے گا ان سب کو، پھر فرمائے گا فرشتوں کو، کہ کیا یہی تمہیں معبود

يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ

جانتے تھے● انہوں نے عرض کیا کہ پاکی ہے تیری، تو ہمارا دوست ہے، نہ کہ یہ لوگ۔ بلکہ یہ

كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَالْيَوْمَ لَا

پوجا کرتے تھے شیطانوں کو۔ ان کے بہتیرے انہیں کے ماننے والے ہیں● تو آج نہیں اختیار

يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

ہوگا تم میں سے کسی کو، کسی کے نفع کا نہ نقصان کا۔ اور ہم کہیں گے انہیں جنہوں نے اندھیر

ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِىْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى

مچایا تھا، کہ چکھو جہنم کا عذاب، جس کو تم جھٹلاتے تھے● اور جب تلاوت کی جاتی

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ

ہیں ان پر ہماری آیتیں صاف صاف، بول پڑے کہ نہیں ہیں یہ، مگر ایک شخص، چاہتے ہیں کہ روک دیں تمہیں

عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَ

اس سے، جو پوجا پاٹ کرتے تھے تمہارے باپ دادا۔ اور بولے، کہ "نہیں ہے یہ، مگر گڑھا ہوا بہتان" اور

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾

کہہ دیا کافروں نے حق کو، جب آ گیا ان کے پاس، "کہ نہیں ہے یہ مگر کھلا جادو"●

وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ

اور نہیں دی تھیں ہم نے انہیں کچھ کتابیں جسے پڑھتے ہوں، اور نہ ہی بھیجا تھا ہم نے ان کی طرف تم سے پہلے

مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ

کوئی ڈر سنانے والا● اور جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے۔ اور یہ نہیں پہنچے دسواں حصہ اس کا

مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ ع ۱۱ ۵

جو دیا تھا ہم نے انہیں، پھر جھٹلا دیا میرے رسولوں کو۔۔ اور کیسی ہوئی ناگواری میری● کہہ دو، کہ "میں نصیحت کرتا ہوں

بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۛ مَا

تمہیں ایک بات کی، کہ کھڑے ہو جاؤ اللہ کیلئے دو دو، اور الگ الگ، پھر سوچو"۔۔ کہ تمہارے

بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ

پاس آنے والے میں کوئی جنون نہیں ہے۔ وہ نہیں ہیں مگر ڈر سنانے والے تمہیں، سخت عذاب

شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي

سے آگے● کہہ دو، کہ "جو میں نے مانگا ہو تم سے کوئی اجر، تو وہ تمہیں رکھ لو۔ نہیں ہے میرا اجر مگر

اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ

اللہ پر۔ اور وہ ہر چیز پر نگراں ہے"● کہو، کہ "بیشک میرا رب ڈالتا ہے دل میں حق"۔

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا

غیبوں کا بڑا جاننے والا● کہہ دو، کہ "حق آ گیا، اور باطل کا نہ اِدھر سِرا، نہ

يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰي نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ

اُدھر"● کہہ دو، کہ "اگر میں گمراہ ہوتا، تو بہکتا اپنے بُرے کو۔ اور اگر میں

اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوْ تَرٰٓى

ہدایت پر ہوں، تو اسکے سبب جو وحی فرماتا ہے میرے پاس میرا رب، بیشک وہ سننے والا نزدیک ہے"● اور کہیں دیکھو

اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾ ۙ وَّقَالُوْٓا

جب گھبراہٹ میں پڑے وہ کافر، تو کہیں بچاؤ نہیں۔ اور پکڑ لئے گئے نزدیک جگہ سے● اور بولنے لگے

اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۚ﴿۵۲﴾ وَّقَدْ كَفَرُوْا

کہ ہم مان گئے اس کو، اور کہاں انہیں کچھ پانا، دور جگہ پہنچ کر● حالانکہ بلاشبہ انکار کر

بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ

دیا تھا اس کا پہلے۔ اور غیب کی اڑاتے پھرتے ہیں، دور ہی دور سے● اور آڑ ڈال

بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ

دی گئی ان کے درمیان، اور جو وہ چاہتے ہیں اسکے درمیان، جیسا کیا جا چکا ہے ان کے شیعوں سے پہلے۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾ ع ۱۲

بیشک وہ تھے شک میں پڑے ہوئے●

سُوْرَةُ فَاطِرٍ ۳۵ مَكِّيَّةٌ ۴۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۴۵ رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورۂ فاطر مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۴۵ رکوع ۵

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

ساری خوبیاں اللہ کی، بنانے والا آسمانوں اور زمین کا، کر دینے والا فرشتوں کو قاصد،

اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ

پر والے، دو دو، تین تین، چار چار۔ وہ بڑھائے آفرینش میں جو چاہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱﴾ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ

بیشک اللہ، ہر چاہے پر قدرت والا ہے● جو کچھ کھول دے اللہ لوگوں کیلئے کوئی

رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

رحمت، تو کوئی روکنے والا نہیں ہے اسکا۔ اور جو کچھ روک دے، تو نہیں ہے کوئی چھوڑنے والا اسکا اس کے بعد۔

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ

اور وہی عزت والا حکمت والا ہے● اے لوگو! یاد کرو اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر۔

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ

کیا کوئی پیدا کرنے والا ہے اللہ کا بیگانہ، کہ روزی دے تمہیں آسمان اور زمین سے۔ نہیں ہے

اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ

کوئی معبود سوا اسکے۔ تو تم کہاں اوندھائے جا رہے ہو● اور اگر یہ لوگ جھٹلائیں تمہیں، تو بیشک جھٹلائے گئے رسول

مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ
تم سے پہلے، اور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائینگے سارے کام● اے لوگو! بیشک اللہ کا وعدہ
اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝۵
ٹھیک ہے، تو نہ دھوکا دے تمہیں دنیاوی زندگی۔۔ اور نہ دھوکہ دے تمہیں اللہ کی طرف بڑا دھوکے باز شیطان●
اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ
بیشک شیطان تمہارا دشمن ہے، تو اس کو بنائے رکھو دشمن۔ وہ اسی لئے بلاتا ہے اپنی جمعیت کو
لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ؕ ۝۶ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ
کہ سب ہو جائیں جہنمیوں سے● جنہوں نے کفر کیا، انکے لئے سخت
شَدِيْدٌ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ
عذاب ہے۔۔ اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے، انکے لئے بخشش ہے، اور بڑا
كَبِيْرٌ ۝۷ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ ع ۱۳
اجر ہے● تو کیا وہ بھی اس کا مستحق ہے، جسکی بداعمالی اس کی آنکھ میں بھلی کر دی گئی، چنانچہ سمجھنے لگا اسے اچھا، تو بلاشبہ
مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ
اللہ، بے راہ رکھے جسے چاہے اور راہ دے جسے چاہے۔ تو نہ جائے تمہاری جان ان لوگوں پر
حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ
افسوس کرنے میں۔ بیشک اللہ جاننے والا ہے جو یہ لوگ کریں● اور اللہ ہے جس نے بھیجا
الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ
ہواؤں کو، تو وہ اٹھاتی ہیں بادل کو، پھر ہم لے گئے اسے مردہ زمین والے شہر کی طرف، پھر زندگی دی اس سے زمین کو
بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ
اسکے مر چکنے کے بعد۔ اسی طرح قیامت میں اٹھنا ہے● جو چاہتا ہو عزت، تو اللہ ہی کیلئے ہے
الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ
ساری عزت۔ اسی کی طرف چڑھیں پاکیزہ کلمے، اور نیک کام کو
يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَ
وہ بلندی دیتا ہے۔ اور جو چال کریں برائیوں کی، انکے لئے سخت عذاب ہے۔ اور

مَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ ﴿١٠﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن

ان سب کی چال ملیامیٹ ہو جائے گی● اور اللہ نے پیدا فرمایا تمہیں مٹی سے، پھر ایک

نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا

قطرہ سے، پھر کر دیا تمہیں جوڑا جوڑا۔ اور نہیں حاملہ ہوتی کوئی عورت، اور نہ جنتی ہے، مگر

بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا يُنقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ ۚ

اسکے علم سے۔ اور نہیں عمر دیا جاتا کوئی سن رسیدہ، اور نہ گھٹایا جائے اس کی عمر سے، مگر سب ایک کتاب میں

إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ ۖ هَٰذَا عَذْبٌ

ہے۔ بیشک یہ اللہ کو آسان ہے● اور نہیں برابر ہیں دونوں دریا۔ کہ یہ میٹھا

فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ ۖ وَمِن كُلٍّ تَأْكُلُونَ

شیریں خوشگوار پانی والا، اور یہ کھاری تلخ۔ اور ہر ایک سے کھاتے رہتے ہو

لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ

تازہ گوشت، اور نکالتے رہتے ہو زیور جسے پہنتے ہو۔ اور دیکھتے رہتے ہو کشتیوں کو اس

مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾ يُولِجُ اللَّيْلَ

میں پھاڑتی چیرتی ہوئی، تاکہ تلاش کرو اس کا فضل، اور تاکہ شکر ادا کرو● وہ سموتا ہے رات کو

فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ

دن میں، اور سموتا ہے دن کو رات میں۔ اور مسخر کر دیا سورج اور چاند کو۔ ہر ایک

يَجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۚ وَالَّذِينَ

چلتا رہتا ہے وقت معین تک۔ یہ ہے اللہ، تمہارا پالنے والا، اسی کا ملک ہے۔ اور جن کی

تَدْعُونَ مِن دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِن قِطْمِيرٍ ﴿١٣﴾ إِن تَدْعُوهُمْ

دہائی دیتے ہو اس کے خلاف، نہیں ملکیت رکھتے کھجور کی گٹھلی کے چھلکے برابر● اگر ان کی دہائی دیتے

لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہو، تو وہ نہیں سنتے تمہاری دہائی کو۔ اور اگر سنتے، تو کام نہیں آتے تمہارے۔ اور قیامت کے دن

يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ ۚ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ﴿١٤﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ ع ۲ ۱۴

انکار کر دینگے تم لوگوں کے شرک کا۔ اور تمہیں نہ بتائے گا اللہ خبیر کی طرح● اے لوگو! تم لوگ

اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ

محتاج ہو اللہ کے، اور اللہ ہی بے نیاز حمد والا ہے● اگر چاہے تو

يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ ۚ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾

لے جائے تمہیں اور لے آئے نئی مخلوق● اور نہیں ہے یہ اللہ پر دشوار●

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا

اور نہیں اٹھائیگا کوئی بوجھ اٹھانیوالا کسی دوسرے کا بوجھ۔ اور اگر کوئی بوجھ سے لدی جان، بلائے بوجھ بٹانے کو، تو نہ

يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۭ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

بوجھ اٹھایا جائے گا اس کا کچھ، گو رشتہ دار ہو۔ تم ڈرنے والا انہیں کو کرتے ہو جو خوف

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى

کھائیں اپنے رب کا بے دیکھے، اور پابندی کی نماز کی۔ اور جو ستھرا ہوا، تو وہ ستھرا ہوتا ہے اپنے ہی

لِنَفْسِهٖ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾

لئے۔ اور اللہ ہی کی طرف پھرنا ہے● اور نہیں برابر ہے اندھا، اور آنکھ والا●

وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ ۚ وَمَا يَسْتَوِي

اور نہ اندھیریاں اور اجالا● اور نہ سایہ اور دھوپ● اور نہ برابر ہوں

الْاَحْيَاۗءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ

زندے اور مردے۔ بیشک اللہ سننے کا فائدہ دے جسے چاہے۔ اور تم نہیں ہو سنانے

بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

کا فائدہ دینے والے، ان دفن کئے ہوؤں کو● تم تو بس ڈر سنا دینے والے ہو● بیشک ہم نے بھیجا تمہیں

بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾ وَ

حق کے ساتھ، خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانیوالا۔ اور نہیں ہے کوئی امت، مگر گزرا اس میں کوئی ڈر سنانے والا● اور

اِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

اگر جھٹلائیں تمہیں، تو بیشک جھٹلا چکے ہیں جو ان سے پہلے تھے۔ لاتے رہے انکے پاس انکے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ

دلیلوں اور صحیفوں اور روشن کرنے والی کتاب کو● پھر گرفتار کیا میں نے انہیں، جنہوں نے

ع ۳ ۱۲ ۱۵

كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

انکار کیا، تو کیسی ہوئی میری ناگواری ● کیا تم نے نہیں دیکھا، کہ بلاشبہ اللہ نے اتارا آسمان کی طرف سے

مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ

پانی، پھر نکالا ہم نے اس سے کئی پھل، جدا جدا رنگتوں کے اور پہاڑوں سے راستے،

بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ

سفید و سرخ رنگارنگ، اور کالے بھجنگے ● اور انسانوں میں،

وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ

اور جانوروں اور چوپایوں میں، الگ الگ رنگ ہیں اسی طرح۔ اللہ سے ڈرتے ہیں

مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ

اس کے بندوں سے صرف عالم لوگ۔ بیشک اللہ غلبہ والا مغفرت فرمانیوالا ہے ● بیشک جو تلاوت کریں

كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

اللہ کی کتاب کو، اور پابندی کی نمازی کی، اور خیرات کیا جو ہم نے انہیں روزی دی، چھپا کر اور دکھا کر،

يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ

وہ صحیح امیدوار ہیں ایسی تجارت کے جو برباد نہ ہوگی ● تاکہ پورا پورا دے انہیں انکی مزدوریاں، اور زیادہ دے انہیں

فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ

اپنے فضل سے۔ بیشک وہ مغفرت فرمانے والا قدر فرمانے والا ہے ● اور جو وحی بھیجی ہم نے تمہاری طرف کتاب،

هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ

وہ بالکل ہی درست ہے، تصدیق کرنیوالی اپنے سے اگلی کتابوں کی۔ بیشک اللہ اپنے بندوں سے یقیناً خبردار

بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ

نگراں ہے ● پھر وارث بنایا ہم نے کتاب کا انہیں، جن کو چن لیا ہم نے اپنے بندوں سے۔

فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ

تو کوئی ان کا ظالم ہے اپنے اوپر، اور کوئی درمیانی چال کا۔ اور کوئی آگے بڑھ جانے والا

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۳۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

بھلائیوں میں اللہ کے حکم سے۔ یہ بڑا ہی فضل ہے ● ہمیشہ رہنے کے باغ،

يَدْخُلُونَهَا يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَ

داخل ہوں گے جس میں، پہنائے جائیں گے اس میں کنگن سونے کے اور موتی۔ اور

لِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٣٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا

ان کا لباس اس میں ریشم کا● اور بول پڑے کہ ساری حمد اللہ کو، جس نے دور فرما دیا ہم سے

الْحَزَنَ ۖ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٤﴾ الَّذِي أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

رنج کو۔ بیشک ہمارا رب یقیناً مغفرت فرمانیوالا قدر فرمانیوالا ہے● جس نے اتارا ہمیں ٹھہرنے کے قابل گھر میں

مِنْ فَضْلِهِ ۖ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ ﴿٣٥﴾

اپنے فضل سے۔ نہیں پہنچتی ہمیں اس میں کوئی تکلیف، اور نہ لگتی ہے اس میں کوئی تھکان●

وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۖ لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا

اور جنہوں نے کفر کیا انکے لئے جہنم کی آگ ہے۔ نہ قضا آئے گی ان پر کہ مر جائیں، اور نہ

يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِنْ عَذَابِهَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ ﴿٣٦﴾ وَهُمْ

ہلکا کیا جائے گا ان سے عذابِ جہنم۔ اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ہر پکّے ناشکرے کو● اور وہ

يَصْطَرِخُونَ فِيهَا ۖ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا

چلّائیں گے اس میں، کہ پروردگار نکال دے ہمیں، کہ کریں ہم نیکی اس کے خلاف، جو ہم کیا

نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيرُ ۚ

کرتے تھے۔ کیا نہیں دی تھی تمہیں عمر؟ کہ سبق حاصل کرتا جس میں جسکو سبق لینا ہوتا، اور آچکا تھا تمہارے پاس ڈر سنانیوالا۔

ع ۴ ۱۱ ۱۶ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ﴿٣٧﴾ إِنَّ اللَّهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمَاوَاتِ

اب مزہ چکھتے رہو، کہ اندھیر والوں کا کوئی مددگار نہیں● بیشک اللہ جاننے والا ہے غیب کو آسمانوں

وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٣٨﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ

اور زمین کے۔ بیشک وہ جاننے والا ہے سینوں والی بات کو● وہی ہے جس نے بنایا تمہیں

خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۚ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ

جانشین اگلوں کا زمین میں۔ تو جس نے کفر کیا، تو اسی پر اس کا کفر ہے۔ اور نہ بڑھائے گا کافروں کو

كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۖ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا

ان کا کفر ان کے رب کے یہاں، مگر بیزاری کو۔ اور نہ بڑھائے گا کافروں کو ان کا کفر، مگر

خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

نقصان ● کہہ دو کہ ذرا بتاؤ؟ کہ تمہارے بنائے شریک جن کی تم دہائی دیتے ہو اللہ کے

اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ

خلاف، مجھے دکھاؤ کہ کیا پیدا کیا انہوں نے زمین سے؟ یا ان کی کچھ شرکت ہے آسمانوں میں۔

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ

یا ہم نے دے رکھی ہے انہیں کتاب، تو وہ اس سے کسی دلیل پر ہیں۔ بلکہ نہیں وعدہ دیتے اندھیر والے

بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

ایک دوسرے کو، مگر دھوکے کا ● بیشک اللہ روکے ہے آسمانوں اور زمین کو

اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ

کہ ہل سکیں۔۔ اگر ہل پڑیں، تو نہیں روک سکتا انہیں کوئی، اللہ کے بعد۔

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ

بیشک اللہ حلم والا مغفرت والا ہے ● اور قسم کھائی ان لوگوں نے اللہ کی، اپنے قسموں میں زور کی، کہ اگر

جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا

آیا انکے پاس کوئی ڈرانے والا، تو ضرور ہو کر رہیں گے زیادہ ہدایت والے کسی دوسری امت سے۔ پھر جب

جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾ اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ

آ گیا انکے پاس ڈرانے والا، تو نہیں بڑھی ان میں مگر نفرت ● بڑا بننا زمین میں، اور برائی

السَّيِّئِ ؕ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

کی چالبازی کرنا، اور نہیں اترتی بُری چالبازی، مگر اپنے ہی اوپر۔ تو کیا انتظار کر رہے ہیں وہی

سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ

اگلوں کے دستور کا۔ تو ہرگز نہ پاؤ گے تم اللہ کے دستور میں کوئی تبدیلی۔۔ اور ہرگز نہ پاؤ گے

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

تم اللہ کے قانون میں الٹ پھیر ● کیا سیر نہیں کی انہوں نے زمین میں، کہ دیکھیں کہ کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَمَا

ہوا انجام ان کا، جو ان سے پہلے تھے، حالانکہ وہ زیادہ زوردار تھے ان سے، اور نہیں

كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ

ہے اللہ، کہ ہرادے اسے کوئی چیز آسمانوں اور نہ زمین میں۔

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا

بیشک وہ علم والا قدرت والا ہے● اور اگر دھر پکڑ کردے اللہ لوگوں کی، جو کمائی کی انہوں نے،

تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ

تو نہ چھوڑا ہوتا زمین کی پیٹھ پر کوئی چلنے والا، لیکن وہ تو ڈھیل دے رہا ہے انہیں ایک مقرر

مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع ۵ ۱۷

وقت تک۔ پھر جب آ گیا ان کا وقت، تو بیشک اللہ اپنے بندوں کا نگراں ہے●

سُوْرَةُ يٰسٓ ۳۶ مَكِّيَّةٌ ۴۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۸۳ رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورہ یسٓ مکیّہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۸۳ رکوع ۵

يٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى

ی س● قسم ہے حکمت والے قرآن کی● بیشک تم رسولوں سے ہو●

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۵﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

سیدھی راہ پر● اتارا ہوا عزت والے رحم والے کا● کہ ڈر سناؤ اس قوم کو،

مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى

جس کے باپ دادے نہیں ڈرائے گئے، تو وہ بے خبری میں پڑے ہیں● یقیناً ٹھیک اتر گئی بات ان کے

اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا

بہتیروں پر، تو وہ نہ مانیں گے● بیشک ہم نے ڈال دیا ان کی گردنوں میں طوق،

فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ

کہ وہ ٹھوڑی تک چڑھے ہیں، تو وہ رہ گئے منہ اٹھائے● اور بنا دیا ہم نے ان کے آگے

اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا

ایک روک، اور ان کے پیچھے ایک روک، پھر ڈھانک دیا انہیں، کہ وہ دیکھ نہ

يُبْصِرُوْنَ ﴿۹﴾ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا

سکیں● اور یکساں ہے ان پر، خواہ ڈرایا تم نے انہیں، یا نہ ڈرایا، وہ نہ

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ

مانیں گے● تمہارا ڈرانا کام کرتا ہے اسکے جو پیروی کرنے لگا ذکر کی، اور ڈرنے لگا اللہ مہربان کو

بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى

بے دیکھے۔ تو خوش خبری دو بخشش کی، اور باعزت اجر کی● بیشک ہم زندہ کریں مردوں کو،

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ

اور لکھ لیتے ہیں جو وہ پہلے کر چکے، اور انکی پچھلی نشانیوں کو۔۔ اور ہر چیز کا شمار کر لیا ہم نے روشن رہنمائی کی

مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا

کتاب میں● اور دو انہیں مثال اس آبادی والوں کی۔۔۔ جبکہ آئے تھے ان کے

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

پاس قاصد لوگ● جبکہ بھیجا ہم نے انکی طرف دو کو، پھر جھٹلایا انہوں نے ان دونوں کو، پھر کمک بھیجا تیسرے کو،

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَ

تو انہوں نے کہا، کہ بلاشبہ ہم تمہاری طرف قاصد ہیں● سب بولے کہ تم نہیں ہو مگر ہماری طرح بشر۔ اور

مَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا

نہیں نازل کیا اللہ رحمٰن نے کچھ۔ تم تو بس جھوٹ بولتے ہو● سب نے جواب

رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾

دیا، کہ ہمارا رب جانتا ہے بیشک ہم تمہاری طرف قاصد ہیں● اور نہیں ہے ہم پر مگر صاف صاف پیغام رسانی●

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ

وہ سب بولے کہ ہم نے بدفالی نکالی ہے تم سے، اگر تم لوگ نہ باز آئے تو ضرور پتھراؤ کرینگے ہم تم پر، اور ضرور پہنچے گا تمہیں

مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ

ہماری طرف سے دکھ والا عذاب● قاصدوں نے جواب دیا کہ تمہاری بدفالی تمہارے ساتھ ہے، کیا یہی جو تمہیں نصیحت کی گئی ہے۔ بلکہ

اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ

تم لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہو● اور آیا شہر کے کنارے سے ایک شخص دوڑتا، بولا، کہ "اے

يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

میری قوم پیروی کرو ان قاصدوں کی● تقلید کرو ان اماموں کی، جو نہیں مانگتے تم سے کوئی اجر، اور وہ راہ پائے ہوئے ہیں"●

وقف لازم